# کھیل کی اہمیت



شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اور ریسرچ سینٹر

## MISSION STATEMENT

To act as a model institution to alleviate the suffering of patients with cancer through the application of modern methods of curative and palliative therapy irrespective of their ability to pay, the education of health care professionals and the public and perform research into the causes and treatment of cancer.

**Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre**
**Lahore: 7-A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan**
**Tel: +92 42 359 5000 | UAN: 042 111 155 555**
**Peshawar: 5-B, Sector A-2, Phase V, Hayatabad, Peshawar, Pakistan**
**Tel: +92 91 588 5000 | UAN: 091 111 155 555**
**www.shaukatkhanum.org.pk**

### کھیل کی اہمیت:

کھیل بچوں کی قدرتی صلاحیت ہے۔ یہ بچوں کی ذہنی پریشانی کو کم کرنے میں مدد دیتا ہے اور اس کے ساتھ ایسے احساسات کے اظہار کرنے میں مدد دیتا ہے جن کا الفاظ کے ذریعے اظہار کرنا مشکل ہے۔ اس مقصد کے لئے شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اینڈ ریسرچ سینٹر میں ہمارے پلے تھراپسٹ ننھے مریضوں کے لئے اچھا سازگار ماحول فراہم کرنے کے لئے ہماری مدد کر رہے ہیں۔

### شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال میں پلے تھراپی:

ہسپتال میں زیرِ علاج مختلف اقسام کی تھراپی کرواتے بچوں کے لئے دوستانہ ماحول اور ذہنی تناؤ کو کم کرنے کے لئے شوکت خانم کے پلے تھراپسٹ، ہسپتال کی ٹیچر کی معاونت سے کام کر رہے ہیں۔ اس مقصد کے لئے وہ ننھے مریضوں کو ایک محفوظ اور صحت بخش ماحول کے اندر بہت سی سرگرمیوں میں مصروف رکھتے ہیں۔

### گرینڈ راؤنڈ:

پلے تھراپسٹ ہفتہ وار گرینڈ راؤنڈ میں پیڈیاٹرک اونکولوجی Paediatric Oncology ٹیم کے ساتھ شرکت کرتے ہیں، تا کہ موجودہ کلینیکل حالات سے باخبر رہیں اور بچوں کے ساتھ ہونے والی بات چیت کے بارے میں اپنی آراء فراہم کر سکیں۔

### قبل از آپریشن اور پروسیجر (Procedure) کے بعد کی ترتیب:

آپریشن یا پروسیجر کا منتظر بچہ شدید قسم کی ذہنی پریشانی سے گزر رہا ہوتا ہے۔ ہمارے پلے تھراپسٹ ایسے بچوں کو مختلف قسم کے کھیلوں اور سرگرمیوں کے ذریعے ہونے والے پروسیجر کو سمجھنے میں مدد دیتے ہیں تا کہ ان کے اضطراب کو کم کیا جا سکے اور ان کو سرجری کے لئے ذہنی طور پہ تیار کیا جا سکے۔ اس مقصد کے لئے او آر کمپلیکس میں بچوں کے لئے ایک پلے ایریا بنایا گیا ہے۔

### میڈیکل کھیل:

میڈیکل کھیل بچوں کو ہسپتال کے ماحول سے مانوس کروانے میں مدد دیتا ہے۔ اس سے علاج کے دوران بچوں کے اندر پیدا ہو جانے والے خوف، ڈر اور پریشانی کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ میڈیکل پلے کے دوران بچوں کو میڈیکل کی عام استعمال کی اشیاء جیسا کہ سٹیتھوسکوپ، مرہم پٹی، ماسک اور دستانے وغیرہ کے ساتھ کھیلنے کا موقع ملتا ہے۔

### ایکسپریسو آرٹ Expressive Arts:

ایکسپریسو آرٹس Expressive Arts اور کھیل کی سرگرمیوں کے ذریعے بچوں کو احساسات کے اظہار میں مدد ملتی ہے۔ اس طریقے سے بچے بیماری، زخم اور ہاسپٹلائزیشن کیساتھ جڑے پیچیدہ احساسات کا اظہار کر سکتے ہیں جو کہ بچے پر اچھا، پرسکون اثر ڈالتا ہے۔

### ڈیسٹریکشن اور کوپنگ تدابیر Distraction & Coping Techniques:

بچے کے علاج کے دورانیے میں روزمرہ کے معمولات سے توجہ ہٹانے اور اُن کو آرام دہ رکھنے کے لئے Distraction & Coping Techniques بہت ضروری ہیں۔ اس امر کو یقینی بنانے کے لئے بچوں کو ہفتہ وار بہت سی دلچسپ سرگرمیوں میں مشغول کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ

- سپر ہیرو کا دن
- آرٹس اینڈ کرافٹس کا دن
- مووی کا دن
- کہانی / کٹھ پتلی تماشے کا دن
- کمپیوٹر / میوزک کا دن

### تعلیمی خدمات:

شوکت خانم میں بچوں کی عمر کی مناسبت سے نصابی خدمات فراہم کی جاتی ہیں، تا کہ علاج کے دوران بچوں کی تعلیم میں حرج نہ ہو۔ ہم ایک ہاسپٹل سکولنگ پروگرام بھی چلاتے ہیں جس کی تفصیلات پلے روم سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

### دیگر سرگرمیاں:

اس میں ہسپتال کی طرف سے فنکشنز، سیر و تفریح اور سالگرہ کی تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔

### پلے روم:

پلے روم ہسپتال کی دوسری منزل، ان پیشنٹ (II-A) میں واقع ہے۔ مزید معلومات کے لیے پلے روم کی ایکسٹینشن 4036 / 4452 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

### رضا کار:

رضا کار ہماری ٹیم کا ایک اہم جزو ہیں اور وہ بچوں کے اندر مثبت تبدیلیاں لانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اگر آپ کسی رضا کارانہ سرگرمی میں شرکت کرنا چاہتے ہیں تو HR Department کے مندرجہ ذیل نمبرز میں سے کسی پہ رابطہ کریں۔

Tel: +92 42 35905000 | Ext.3037 | Fax: +92 42 35945207